# PRE-BOARD EXAMINATION (2019-20)

## URDU-B

## Class: X

E

**Time: 3 Hrs.** **M.M. :80**

WWW.TAYARIONLINE.COM

**عام ھدایات :**

1۔ اس سوال نامے میں کل 21 سوالات ہیں۔

2۔ سبھی سوالات لازمی ہیں۔

3۔ ہر سوال کے نمبر اس کے سامنے درج ہیں۔

4۔ جواب تحریر کرتے وقت صفائی اور خوشخط کا خاص خیال رکھیے۔

5۔ جواب تحریر کرتے وقت سوال نمبر ضرور درج کریں۔

1۔ درج ذیل غیر درسی نثری اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق سوالوں کے متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے اور ایک لفظ میں یا ایک جملے میں لکھیے۔ 5

''ایک شرارتی لڑکا حامد روز رات کو گھر دیر سے آتا، جب اس کے والد پوچھتے کہ بیٹا کہاں تھے؟ تو کہتا کہ دوست کے ساتھ تھا۔ ایک دن جب حامد زیادہ دیر سے گھر آیا تو والد نے کہا کہ بیٹا آج ہم آپ کے دوست سے ملنا چاہتے ہیں۔ اس نے فوراً کہا ابا جی اس وقت؟ والد نے کہا جی ہاں اسی وقت۔ حامد اپنے والد کے ساتھ رات کے دو بجے دوست کے گھر پہنچ کر دیر تک دروازہ کھٹکھٹایا مگر اندر سے کوئی جواب نہ آیا۔ احمد کافی شرمندہ ہوا۔ اس کے والد نے کہا کہ چلو اب میرے ایک دوست کے پاس چلتے ہیں جس کا نام اکبر ہے۔ دونوں سفر کر کے رات کے تین بجے اکبر کے یہاں پہنچے اور گھر کا دروازہ کھٹکھٹایا، مگر جواب ندارد، بالآخر اس نے زور سے اپنا نام بتایا تو بڑی دیر کے بعد ایک بوڑھا شخص برآمد ہوا جس نے دوڑ کر اپنے دوست کو گلے لگایا اور بولا کہ میرے دوست، بہت معذرت، مجھے دروازہ کھولنے میں دیر اس لیے ہوئی کہ جب تم نے 27 سال بعد میرا دروازہ رات گئے کھٹکھٹایا تو مجھے لگا کہ کسی مصیبت میں ہو، اس لیے جمع پیسے نکالے کہ شاید پیسوں کی ضرورت ہے، پھر بیٹے کو اٹھایا کہ شاید بندے کی ضرورت ہو۔ اب حاضر ہوں، پہلے بتاؤ کہ کس چیز کی ضرورت ہے؟ یہ منظر دیکھ کر بیٹے کی آنکھوں میں سے آنسو آ گئے۔ اسے یاد آیا کہ ابو جی بار بار سمجھاتے تھے کہ بیٹا دوست وہ نہیں ہوتا جو رت جگوں میں آپ کے ساتھ ہو بلکہ وہ ہوتا ہے جو ایک آواز پر حق دوستی نبھانے آ جائے۔''



Scanned with CamScanner

(i) حامد کے والد اپنے دوست سے ملنے کتنے سال بعد گئے تھے؟

(a) 27 سال (b) 72 سال

(c) 15 سال (d) 30 سال

(ii) حامد اپنے والد کے ساتھ دوست کے گھر کتنے بجے گیا؟

(a) رات تین بجے (b) رات دو بجے

(c) رات کے بارہ بجے (d) رات کے گیارہ بجے

(iii) سچا دوست کسے کہتے ہیں؟

(iv) احمد کے ابوا سے بار بار کیا سمجھاتے تھے؟

(v) جب احمد کے والد پوچھتے کہ بیٹا کہاں تھے تو وہ کیا جواب دیتا تھا؟

2۔ درج ذیل غیر درسی شعری حصے کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق سوالوں کے متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے اور ایک لفظ میں یا ایک جملے میں لکھیے۔ 5

ایک ہی اللہ کے بندے ہیں سب چھوٹے بڑے
اپنے ہم جنسوں سے دنیا میں محبت چاہیے
ہے برائی سی برائی! کام کل پر چھوڑنا
آج سب کچھ کر کے اٹھو گر فراغت چاہیے
جو بروں کے پاس بیٹھے گا، برا ہو جائے گا
نیک ہونے کے لیے نیکوں کی صحبت چاہیے
ساتھ والے دیکھنا تم سے نہ بڑھ جائیں کہیں
جوش ایسا چاہیے، ایسی حمیت چاہیے
حکمراں ہو، کوئی ہو اپنا ہو یا بیگانہ ہو
دی خدا نے جس کو عزت اس کی عزت چاہیے

(i) کل پر کام چھوڑنا شاعر کی نگاہ میں کیسا عمل ہے؟

(a) بری بات ہے (b) اچھی بات ہے

(c) فائدے مند ہے (d) بہادری ہے



WWW.TAYARIONLINE.COM

Scanned with CamScanner

(ii) کس کے پاس بیٹھنے سے انسان برا ہو جاتا ہے؟

(a) وکیلوں کے (b) اچھوں کے

(c) بروں کے (d) ڈاکٹروں کے

(iii) ہمیں کیسے لوگوں کی عزت کرنی چاہیے؟

(iv) چھوٹے بڑے سبھی کس کے بندے ہیں؟

(v) نیک ہونے کے لیے کیا کرنا چاہیے؟

3- درج ذیل درسی نثری اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق سوالوں کے متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے اور ایک لفظ یا ایک جملے میں لکھیے۔ 5

''دوسرے دن سپاہی رگھوپت اور پہرہ دار کو میدان میں لائے کہ ان کو قتل کیا جائے۔ دونوں کے ہاتھ پیر بندھے ہوئے تھے۔ مغل افسر نے جلاد سے کہا کہ دونوں کی گردنیں اڑا دو۔ جلاد نے تلوار اٹھائی ہی تھی کہ گھوڑوں کی ٹاپوں کی آواز آئی۔ لوگوں نے دیکھا تو اکبر بادشاہ اپنے افسروں کے ساتھ چلا آرہا ہے۔ سب نے جھک کر سلام کیا۔ اکبر گھوڑے پر سے اتر پڑا اور کہنے لگا ''رگھوپت کی گرفتاری کا پورا حال مجھے معلوم ہو چکا ہے۔'' پھر پہرے دار سے کہا'' ہر بھلے آدمی کا دل دوسروں کا دکھ دیکھ کر پگھل جاتا ہے۔ مجھے معلوم ہے کہ اس راجپوت کی تکلیف دیکھ کر تمھارا دل بھر آیا تھا۔ اس لیے تم نے اس کو چھوڑ دیا تھا۔ اس میں تمھارا کوئی قصور نہیں ہے۔ اگر کچھ ہے بھی تو میں نے معاف کیا۔ مجھے ایسا ہی سپاہی چاہیے جو اپنے بادشاہ سے زیادہ خدا سے ڈرتا ہے' یہ سنتے ہی پہرہ دار خوشی سے پھولا نہ سمایا۔''

(i) مغل افسر نے کس کی گردن اڑا دینے کا حکم دیا؟

(a) رگھوپت کی (b) پہرے دار کی

(c) سپاہی کی (d) رگھوپت اور پہرے دار دونوں کی

(ii) دوسرے دن رگھوپت کو میدان میں کیوں لایا گیا؟

(a) ذلیل کرنے کے لیے (b) سوال کرنے کے لیے

(c) انعام دینے کے لیے (d) قتل کرنے کے لیے



WWW.TAYARIONLINE.COM

Scanned with CamScanner

(iii) میدان میں پہنچ کر اکبر نے کیا کہا؟

(iv) 'پھولے نہ سمانا' کا مطلب کیا ہے؟

(v) کس کی تکلیف دیکھ کر پہرے دار کا دل بھر آیا تھا؟

**یا**

''یہ بتانا کٹھن ہے کہ پانچ ہزار برس پہلے یہاں کون لوگ بستے تھے۔ مگر اب بہت سے لوگ یہ بات جانتے ہیں کہ اس زمانے سے یہاں دُور دُور کے لوگ آنے لگے۔ اتنا سمجھ لینا کچھ مشکل نہیں ہے کہ پہلے دُنیا کے زیادہ تر لوگ وحشیوں کی طرح زندگی بسر کرتے تھے اور کھانے پینے کی کھوج میں چھوٹی چھوٹی ٹولیوں میں مارے مارے پھرتے تھے۔ جانوروں کا شکار کرتے تھے یا درختوں کے پھل، پتے اور جڑ کھا کر پیٹ بھرتے تھے۔ اِن میں سے کچھ لوگ یہاں بھی پہنچے۔ اُن کی نسل کے لوگ اب بھی بنگال، بہار، چھوٹا ناگپور اور وندھیاچل کے پہاڑوں کے قریب پائے جاتے ہیں۔ وہ جو زبان بولتے تھے وہ آج بھی الگ ہے۔ ان میں سے کول اور منڈا قبیلے مشہور ہیں اور اپنی بولیاں بولتے ہیں (یہ بات یاد رکھنا چاہیے کہ دُنیا میں کوئی قوم ایسی نہیں ہے جو کوئی بولی بولتی نہ ہو۔ یہی بات تمام انسانوں میں ملتی ہے)۔ اُن کے ہزار ڈیڑھ ہزار برس کے بعد دراوڑ لوگ پچھم کی طرف سے آئے، وہ لوگ جنھیں دراوڑ کہا جاتا ہے۔ یہاں اُنھوں نے خوب ترقّی کی، آج بھی مدراس، میسور، آندھر پردیش اور کیرل میں یہی لوگ آباد ہیں۔ تم نے تامل، تیلگو زبانوں کے نام سنے ہوں گے۔ یہ اُنھیں لوگوں کی زبانیں ہیں۔''

(i) پہلے دُنیا کے زیادہ تر لوگ کس کی طرح زندگی بسر کرتے تھے؟

(a) انسانوں کی طرح (b) جانوروں کی طرح

(c) شریفوں کی طرح (d) وحشیوں کی طرح

(ii) دراوڑ لوگ کس طرف سے آئے تھے؟

(a) پورب سے (b) پچھم سے

(c) جنوب سے (d) شمال سے

(iii) آندھرا پردیش اور کیرل میں کون لوگ آباد ہیں؟

(iv) کھانے پینے کی کھوج میں لوگ کیا کرتے تھے؟

(v) پانچ ہزار برس پہلے لوگ اپنا پیٹ کیسے بھرتے تھے؟



WWW.TAYARIONLINE.COM

Scanned with CamScanner

4۔ درج ذیل درسی شعری اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق سوالوں کے متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے اور ایک لفظ یا ایک جملے میں لکھیے۔ 5

کوئی پہاڑ یہ کہتا تھا اک گلہری سے — تجھے ہو شرم تو پانی میں جا کے ڈوب مرے
ذرا سی چیز ہے، اس پر غرور، کیا کہنا! — یہ عقل اور یہ سمجھ، یہ شعور، کیا کہنا
جو بے شعور ہوں، یوں باتمیز بن بیٹھیں — خدا کی شان ہے، ناچیز، چیز بن بیٹھیں
تری بساط ہے کیا، میری شان کے آگے — زمیں ہے پست، مری آن بان کے آگے
جو بات مجھ میں ہے، تجھ کو وہ ہے نصیب کہاں — بھلا پہاڑ کہاں، جانورِ غریب کہاں

(i) کس کی شان سے ناچیز چیز بن بیٹھیں؟

(a) امیر کی (b) خدا کی

(c) رہنما کی (d) پہاڑ کی

(ii) پہاڑ نے کس سے کہا کہ اگر تم کو شرم ہو تو پانی میں جا کے ڈوب مرو؟

(a) اونٹ (b) گلہری

(c) چوہے (d) بندر

(iii) کس کی آن بان کے آگے زمین پست ہے؟

(iv) پہاڑ میں ایسی کون سی بات ہے جو گلہری میں نہیں ہے؟

(v) درج بالا شعری حصہ کس نظم سے لیا گیا ہے؟

**یا**

روش پرانی چھوڑ کے
قدم قدم سے جوڑ کے
چلے چلو کہ وقت کو تمھارا انتظار ہے
نئی نئی بہار ہے
قدم بڑھاؤ دوستو، قدم بڑھاؤ دوستو
کہو، وطن کی خاک ہی کو گلستاں بنائیں گے
روش روش کو اس چمن کی کہکشاں بنائیں گے



WWW.TAYARIONLINE.COM

Scanned with CamScanner

کلی کلی نکھار کے
جلاؤ دیپ پیار کے
ہمیں خود اپنے گلستاں پہ آج اختیار ہے
نئی نئی بہار ہے
قدم بڑھاؤ دوستو، قدم بڑھاؤ دوستو

(i) درج بالا شعری حصہ کس نظم سے لیا گیا ہے؟

(a) پہاڑ اور گلہری (b) قدم بڑھاؤ دوستو

(c) حمد (d) نیکی اور بدی

(ii) شاعر کس کا دیپ جلانے کے لیے کہہ رہا ہے؟

(a) پیار (b) مٹی

(c) نفرت (d) شیشے

(iii) شاعر کیا چھوڑ کر آگے بڑھنے کی بات کہہ رہا ہے؟

(iv) کہاں کی خاک کو شاعر گلستاں بنانے کے لیے کہہ رہا ہے؟

(v) چلنے کا انتظار کون کر رہا ہے؟

## حصہ (ب)

5۔ درج ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر ڈھائی سو (250) الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیے۔ 10

(i) تاریخی مقامات کی سیر

(ii) پانی کی حفاظت وقت کی اہم ضرورت

(iii) سائنسی ایجادات اور ہماری زندگی

6۔ سیر کے لیے اپنے دوست کو خط لکھ کر اپنے شہر بلائیے۔ 5

**یا**

اپنا سیکشن تبدیل کرنے کے لیے پرنسپل کے نام درخواست لکھیے۔



WWW.TAYARIONLINE.COM

Scanned with CamScanner

7۔ درج ذیل اسباق میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔ 5

(i) کاٹھ کا گھوڑا

(ii) رضیہ سلطان

8۔ درج ذیل نظموں میں سے کسی ایک نظم کا مرکزی خیال لکھیے۔ 5

(i) نیکی اور بدی

(ii) اے شریف انسانو!

## حصہ (ج)

9۔ درج ذیل الفاظ کے متضاد لکھیے۔ 2

دشمن – موجود – بری – محبت

10۔ درج ذیل الفاظ کے مذکر اور مونث کو الگ الگ کر کے لکھیے۔ 2

اخبار – تعلیم – جگہ – دنیا

11۔ وہ فعل جو گزرے ہوئے وقت میں ہوا سے کیا کہتے ہیں؟ مثال کے ساتھ لکھیے۔ 2

12۔ "گر" لاحقہ لگا کر دو مرکب الفاظ لکھیے۔ 2

13۔ واحد کی جمع اور جمع کا واحد لکھیے۔ 2

شعر – کتب – سلطان – مشکلات

14۔ درج ذیل جملے میں سے دو اسم کی نشاندہی کیجیے۔ 2

پریم چند بنارس میں پیدا ہوئے اور اردو ادب میں کافی مشہور ہوئے۔

15۔ درج ذیل الفاظ کے مترادف لکھیے۔ 2

رنج – دیہات – فلک – سورج

16۔ ہستی اپنی حباب کی سی ہے
یہ نمائش سراب کی سی ہے

اس شعر میں قافیہ اور ردیف کی نشان دہی کیجیے۔ 2



WWW.TAYARIONLINE.COM

Scanned with CamScanner

17۔ درج ذیل محاورں کو جملوں میں استعمال کیجیے۔ 4

(i) بغلیں جھانکنا (ii) بھیس بدلنا

(iii) میدان چھوڑنا (iv) آنکھوں میں دھول جھونکنا

**حصہ (د)**

18۔ درج ذیل سوالوں کے جواب لکھیے۔ 6

(i) موڈیم کسے کہتے ہیں؟

(ii) بے تکلفی سے کیا پریشانی ہوتی ہے؟

(iii) چھوت چھات سے ملک کو کیا نقصان پہنچا؟

19۔ درج ذیل سوالوں کے مختصر جواب لکھیے۔ 2

(i) کرنل سے کارتوس مانگنے والا سوار کون تھا؟

(ii) سنسکرت کس زبان کی شاخ ہے؟

20۔ درج ذیل سوالوں کے جواب لکھیے۔ 4

(i) سورج کو چشمہ کیوں کہا گیا ہے؟

(ii) بڑھاپا اور جوانی کے لیے شاعر نے کیا فرق بتایا ہے؟

21۔ درج ذیل سوالوں کے مختصر جواب لکھیے۔ 3

(i) انسانی زندگی کی حقیقت کیا ہے؟ میرؔ کی غزل کی روشنی میں جواب لکھیے۔

(ii) درج ذیل شعر کے شاعر کا نام لکھیے۔

آگے آتی تھی حال دل پہ ہنسی
اب کسی بات پہ نہیں آتی

(iii) دنیا سے دل لگانے کے کیا معنی ہیں؟



WWW.TAYARIONLINE.COM

Scanned with CamScanner